# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو افسانہ و ڈراما (9016) — سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- رومانوی تحریک نے اردو افسانہ نگاری کو کس طرح متاثر کیا؟ جواب دیجیے۔ (20)

سوال 2- یلدرم کی رومانیت میں بھی حقیقت کے کچھ پہلوؤں کی جانب اشارہ دکھائی دیتا ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)

سوال 3- پریم چند کے تصور حقیقت نگاری کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال 4- منٹو تماشائی بننے کے بجائے خود تماشا کا حصہ بن جاتا ہے۔ اس رائے پر اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال 5- اردو افسانہ نگاری کے مختلف رجحانات کے حوالے سے اظہار خیال کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- غلام عباس کے افسانوں میں ہیجان کے بجائے متانت اور ضبط کی کیفیت بہت نمایاں ہے۔ آپ کے خیال میں اس کی کیا وجوہات ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال 2- کرشن چندر کی رومانی حقیقت پسندی میں شوخی بھی ہے اور طنز بھی، اس تناظر میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جواب دیجیے۔ (20)

سوال 3- آپ کے خیال میں اردو ادب کا ابتدائی دور ڈرامے سے خالی کیوں نظر آتا ہے؟ (20)

سوال 4- سٹیج، ریڈیو اور ٹی وی ڈرامے کی تکنیک میں اختلاف و اشتراکات کے پہلو ہیں۔ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال 5- انارکلی کے بارے میں مختلف ناقدین کی آرا اکٹھی کیجیے اور ان کی روشنی میں اپنا نقطہ نظر بیان کیجیے۔ (20)